© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

## حیاتِ اقبال کی گم شدہ کڑیاں

تصنیف : عبداللہ قریشی

ناشر : بزمِ اقبال، کلب روڈ، لاہور

کاغذ، طباعت، جلد، سرورق دیدہ زیب صفحات ۳۶۴ - قیمت ۴۰ روپے

جناب عبداللہ قریشی صاحب پاکستان کے مشہور اہلِ قلم اور متعدد کتابوں کے مصنف ہیں۔ حیاتِ اقبال کی گم شدہ کڑیاں" ان کی عمدہ ترین کتاب ہے جو حال ہی میں شائع ہوئی ہے - اس میں علامہ اقبال کی ان علمی اور ادبی سرگرمیوں کا ذکر کیا گیا ہے، جو اس سے پہلے لوگوں کے علم میں نہ تھیں۔ اقبال شناسی کے سلسلے میں اس کتاب کو بہت بڑی حیثیت حاصل ہے - اس کے بڑے بڑے عنوانات آٹھ ہیں - جو یہ ہیں :

(۱) جزبرہمن پسرے محرمِ اسرار کجاست (۲) لاہور کے مشاعرے (۳) انجمن کشمیری مسلمانان، (۴) اقبال کا تعلیمی سفر (۵) اقبال اور فوق (۶) اقبال اور طریقت (۷) اقبال اور کشمیر (۸) عید پر شعر لکھنے کی فرمائش کے جواب میں - پھر ان عنوانات کے ذیلی عنوانات ہیں۔

علامہ اقبال کی زندگی کے مختلف گوشوں کو سمجھنے کے لیے یہ کتاب بنیادی اہمیت کی حامل ہے۔ اس سے واقعی حیاتِ اقبال کی بہت سی گم شدہ کڑیاں نکھر کر قاری کے سامنے آجاتی ہیں، اور یہ کڑیاں بہت دلچسپ بھی ہیں اور معلومات افزا بھی - ! کتاب کے فاضل مصنف عبداللہ قریشی صاحب کہنہ مشق مصنف اور مانے ہوئے محقق ہیں - زبان اور اسلوب بیان ہر لحاظ سے قابلِ تعریف ہے - "پیشِ کلام" ممتاز ادیب و مصنف جناب احمد ندیم قاسمی صاحب نے تحریر کیا ہے جو کتاب اور صاحبِ کتاب کے تعارف پر مشتمل ہے۔ کتاب معنوی حسن کے ساتھ ظاہری حسن سے بھی آراستہ ہے اور بہترین ٹائپ میں طبع ہوئی ہے - ۳۶۴ صفحات میں پھیلی ہوئی یہ کتاب واقعات و معلومات کا گنجینہ ہے - ہم اپنے

© rasailojaraid.com